## سوال

معراج جسمانی کا منکر مسلمان ہے یا کافر

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی کا عقیدہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کوجسمانی معراج نہیں ہوا۔ صرف بذریعہ خواب معراج ہوا ہے اورعذاب قبر کوئی نہیں۔ منکر نکیر سوال وجواب نہیں کریں گے ۔ نیز حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردے زندہ نہیں کرتے تھے ۔ دوبارہ دنیا میں تشریف نہیں لائیں گے ۔ حضرت عزیر علیہ السلام دوبارہ زندہ نہیں ہوئے تھے ۔ ایسا عقیدہ رکھنے والا شخص مسلمان ہے یا کافر۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کومعراج جسمانی حالت میں ہوا۔ جو شخص معراج جسمانی نہ مانے وہ بدعتی اورگمراہ ہے ۔ اس کی امامت درست نہیں۔ معراج جسمانی کے ثبوت میں میرا ایک رسالہ ہے ۔ جواس وقت ختم ہے اس کا ملخص مولانا ابوالسلام محمد صدیق صاحب سرگودھا نے رسالہ کی شکل میں چھاپ دیا ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ اہلحدیث**

**کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص225**